P R NO 17/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

سال 2024ء کے دوران ریکارڈ شکایات آئیں، ریکارڈ فیصلے کئے۔ وفاقی محتسب

دو لاکھ 23 ہزار سے زائد فیصلوں میں سے 93 فیصد پر عملدرآمد بھی ہو گیا

رواں برس کے دوران ڈیرہ غازی خان سمیت دور دراز علاقوں میں نئے دفاتر کھولے جائیں گے

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی میڈیا سے غیر رسمی گفتگو

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے عوام الناس کی سہولت کے لئے دور دراز علاقوں میں نئے علاقائی دفاتر قائم کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جلد ڈیرہ غازی خان اور ملک کے دیگر دور دراز علاقوں میں علاقائی دفاتر قائم کئے جائیں گے تاکہ شکایت کنندگان کو ان کے گھر کے قریب انصاف مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ 2024ء کا سال اس حوالے سے انتہائی اہم اور یادگار رہا کہ اس سال ریکارڈ شکایات آئیں اور ریکارڈ فیصلے کئے گئے۔ گزشتہ برس دو لاکھ 26 ہزار 372 شکایات آئیں اور دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے۔ شکایات اور فیصلوں میں سال 2023ء کے مقابلے میں بالترتیب 17 فیصد اور 16 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا جبکہ عملدرآمد کی شرح سال 2023ء میں 85.70 فیصد تھی۔ وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ ایک غیر رسمی ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں 126 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔ او سی آر پروگرام کے تحت 171 دوروں کے دوران 4840 شکایات نمٹائی گئیں، جب کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری محکموں کے 79 دورے کئے۔ مظفر آباد، آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور ساہیوال میں حال ہی میں نئے دفاتر کے قیام کے بعد یہ ادارہ اب ملک بھر کے 25 شہروں میں موجود ہے۔ عنقریب ڈیرہ غازی خان میں بھی علاقائی دفتر قائم کیا جا رہا ہے۔ وفاقی محتسب کے اہم اقدامات میں شکایات کے اندراج اور زوم لنک نیز وٹس ایپ کے ذریعے سماعت میں شمولیت کے لئے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کا استعمال بھی شامل ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے مزید کہا کہ یہ ادارہ حقیقی معنوں میں غریب آدمی کی عدالت ہے جو بڑی تعداد میں شکایت کنندگان کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے سمندر پار پاکستانیوں کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ سال 2024ء کے دوران بیرون ملک پاکستانیوں کی 151897 شکایات موصول ہوئیں۔ پاکستان کے بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر قائم کردہ یکجا سہولیاتی ڈیسکوں کے ذریعے 111184 شکایت کنندگان کو سہولیات فراہم کی گئیں۔ بیرون ملک پاکستانی مشنز کو 38592 جبکہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں قائم کردہ بیرون ملک پاکستانیوں کے گریوینس کمشنر آفس کو 2121 شکایات موصول ہوئیں۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ بچوں کے مسائل کے حل اور ان کی شکایات کے ازالے کے لئے ایک ہمہ وقتی ''شکایات کمشنر برائے اطفال'' کام کر رہا ہے جس کا دفتر بھی اسی بلڈنگ میں موجود ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح کے لئے ہم 80 ریسرچ رپورٹیں تیار کر کے متعلقہ اداروں کو بھجوا چکے ہیں۔ انہوں نے وفاقی محتسب کے بین الاقوامی کردار کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کے صدر کی حیثیت سے وہ محتسب کے تصور کو ایشیاء اور دنیا بھر میں عام کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔

(خالد سیال)

08/04/2025

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333-5333266